لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۳۹ھ مطابق ۷ مارچ ۱۹۲۱ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت نیلام جدید لبور لکھی پور در نیلام سیاہہ سرکار	۱ و ۲
۲	اضافہ تحویلداران تحصیلات	۲
۳	اضافہ ڈرافٹسمین تعمیرات	〃
۴	رخصت تحصیلدار صاحب سوار	〃
۵	رخصت اہلمد آڈیٹر	〃
۶	رخصت سب انسپکٹر پولیس	〃
۷	موقوفی مختار عام	〃
۸	نقشہ تخمین آیا	

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۳ فروری ۱۹۲۱

منظور ہے۔ آراضی زیر تحت مصرحہ رپورٹ سے بجدید لبور نیلام کرکے زر نیلام سیاہہ سرکار ہو کاغذ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس [illegible]

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — میر حامد

جناب عالی

سے منشی پدماں سکنہ لکھی پور تحصیل بلاسپور نے تحصیل میں درخواست دی

کہ دس جدے بسو کے قطع کی اجازت نقشی موروثی سے دیجائے۔ صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری نے پانچ جدے بسو کے قطع کی اجازت دی کی سفارش کی۔ ۱۴ر جون ۱۹۲۰ء کو اجلاس سے یہ دریافت کیا گیا کہ نقشی موروثی کا کسقدر رقبہ ہے جسمین دس جدی بسو ر ایستادہ ہین کیا نقشی کو بنجر کر رکھا ہے۔ دیگر درختان بھی ہین یا نہین۔ ۱۳ر اکتوبر ۱۹۲۰ء کو تحصیلدار صاحب بلاسپور نے رپورٹ کی کہ کیت نقشی موروثی نمبر ۳۹ کا رقبہ ۱۲ بسوہ پختہ ہے جسمین جدی بسو ر ایستادہ ہین دیگر درختان نہین ہین کیت مذکور مزروعہ نہین ہے بنجر پڑا ہے۔ ۶ر نومبر ۱۹۲۰ء کو سائل کا جواب لئے جانیکی بابت حکم ہوا کہ جب نقشی کو بنجر کر رکھا ہے تو کیون اسکی موروثیت خارج نہ کیجائے۔ جواب ناکافی ہے مدانست ترقیخواہ یہ عمل کاشتکاران خلاف اغراض کاشت ہے۔ نقشی موروثی وہی [illegible] سمجھا جائیگا جو مزروعہ ہو۔ البتہ معینڈ کیت پر ایک دو درخت نصب کردیجائے تو کوئی ہرج نہین۔ نقشی کو بنجر رکھنے کی انسداد کے لئے یہ مناسب ہے کہ جو کیت نقشی بنجر کر رکھا ہو اسکی درختان کا حق کاشتکاران کو نہین ہوگا بلکہ ایسے درختان وغیرہ جو کیت نقشی بنجر مین ہون منجانب سرکار نیلام کیجائین اسلئے کہ بجائے کاشت کرنے کے بنجر رکھکر ایسے درخت نصب کرنا اغراض کاشتکاری کے خلاف ہے اور اس آراضی زیر بحث کے جدی بسو نیلام ہوکر رقم سیاہہ سرکار کردیجائے۔ جلد کاغذات برای صدور حکم منظوری ابلاغ حضور ہین۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۴ر فروری ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ گرس تحویلداران حضور تحصیل و بلاسپور وشاہ آباد مشاہرہ داران سترہ سترہ روپیہ ماہوار و گرس تحویلداران تحصیل ٹانڈہ وملک و سوار مشاہرہ داران بارہ بارہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ ہو تین تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۱۰ مارچ ۱۹۲۱ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر بربنا رپورٹ صاحب [illegible] وزیر احمد [illegible] تعمیرات مشاہرہ دار [illegible] کی تنخواہ مین [illegible] ماہوار اضافہ منظور فرمایا۔

رخصت

۱۰ر مارچ ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مرحمت رخصت یکماہ منشی محمد حید رضا خان صاحب تحصیلدار [illegible] کی با انتظام سابقہ منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۸ر فروری ۱۹۲۱ء

حسب تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ محسن [illegible] اہلمد کی رخصت یکماہ بوضع کل تنخواہ ۲۵ر فروری ۱۹۲۱ء سے منظور ہوئی۔ ایام رخصت مین کار متعلقہ رخصتی حیدر علیخان اہلمد آڈٹ انجام دیگا۔ جسنے ابتدا رخصت دس یوم مین بھی انکا کام انجام دیا ہے۔ دونون مرتبہ کی کارگزاری کے معاوضہ مین آٹھ روپیہ بالمقطع بجٹ تنخواہ رخصتی سے الاونس پائیگا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ر مارچ ۱۹۲۱ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور اعلیٰ دام اقبالہم و ملکہم سید غالب علی صاحب [illegible] کی رخصت پندرہ یوم منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی

۲۸ر فروری ۱۹۲۱ء

حسب تصدیق رجسٹرار صاحب [illegible] بربنا درخواست [illegible] خان [illegible] موقوف کیا گیا